AQF / Tausif

14-07-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کونین حیدر

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

☆ بھارت نے 2028-29 کی مدت کیلئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل UNSC کے غیر مستقل رکن کے انتخاب کیلئے اپنی مہم کا باضابطہ طور پر آغاز کردیا ہے۔

☆ ویتنام میں کشتی حادثے میں ہلاک ہونے والے 15 بھارتی سیاحوں کا جسد خاکی ممبئی پہنچ گیا ہے۔

☆ مغربی بنگال کے ساحل کے قریب ایک ماہی گیر کشتی کے ڈوبنے کے بعد 9 ماہی گیروں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔

☆ امریکہ نے مسلسل تیسری رات ایران پر حملے کیے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز میں ایرانی بحری جہازوں کی ناکہ بندی دوبارہ نافذ کرنے کا اعلان کیا۔

☆ موسمیات محکمے نے آج بہار اور اُڈیشہ میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، لارڈس کے میدان میں پہلی مرتبہ کھیلے جانے والے خواتین ٹیسٹ میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو 270 رن سے ہراکر تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

UNSC - India

بھارت نے 2028-29 کی مدت کیلئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل UNSC کے غیر مستقل رکن کے طور پر انتخاب کیلئے اپنی مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔

نیو یارک میں اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں بھارت کی امیدواری کا آغاز کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ دنیا بڑھتے ہوئے تنازعات اور عدم استحکام کا سامنا کررہی ہے، جس کی وجہ سے اقوام متحدہ کا رول پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہوگیا ہے۔

انہوں نے بھارت کے شانتی وژن کا بھی اعلان کیا، جس کا مطلب ہے: اصولوں، اعتماد اور دیانت داری کے ذریعے جامع ترقی کو یقینی بنانا۔ انہوں نے کہا کہ یہ وژن عالمی امن، سلامتی اور مساوی و منصفانہ ترقی کیلئے بھارت کی رہنمائی کرے گا۔

بھارت کی خدمات کو اجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت، اقوام متحدہ کے قیام سے اب تک تقریباً 3 لاکھ اہلکاروں کو اقوام متحدہ کے تقریباً 50 قیام امن مشنز میں بھیج چکاہے، جبکہ اِس وقت 4 ہزار 300 سے زیادہ بھارتی اہلکار

10 مختلف قیامِ امن مشنز میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔
انہوں نے کہا کہ بھارت ہمیشہ مذاکرات اور سفارتکاری کا حامی رہا ہے اور اُس نے عالمی خطۂ جنوب کے خدشات اور مفادات کو عالمی سطح پر موثر آواز فراہم کرنے کی کوشش کی ہے۔
اقوام متحدہ کے رکن ملکوں سے حمایت کی اپیل کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ سلامتی کونسل میں بھارت کی موجودگی، اِس اہم ادارے میں فیصلہ سازی کو مزید تقویت فراہم کرے گی۔
بھارت اگر منتخب ہو جاتا ہے، تو وہ 2028 سے 2 سال تک سلامتی کونسل کا غیر مستقل رکن رہے گا۔ اِس سے قبل، بھارت 8 مرتبہ سلامتی کونسل کا غیر مستقل رکن رہ چکا ہے، جن میں سب سے حالیہ مدت 2021-22 تھی۔×

Mortal Remains - Vietnam

ویتنام کے Phu Quoc جزیرے کے نزدیک کشتی حادثے میں ہلاک ہونے والے 15 بھارتی سیاحوں کا جسد خاکی کل رات ممبئی پہنچ گیا۔ مہلوکین کے جسد خاکی کو Ho Chi Minh City سے ویتنام ایئرلائنز کی پرواز کے ذریعے بھارت لایا گیا۔ اِس عمل کو ویتنام میں موجود بھارت کے سفارتی مشن نے ویتنام کے حکام کے ساتھ ملکر مکمل کیا۔
تمل ناڈو، آندھرا پردیش اور کیرالہ کی ریاستی حکومتوں سے کہا گیا ہے کہ وہ مہلوکین کے اہل خانہ کے ساتھ رابطے میں رہیں اور جسد خاکی کو اُن کے آبائی شہروں تک پہنچانے کے انتظامات میں تعاون فراہم کریں۔
ویتنام میں بھارتی سفارتخانے نے امدادی کارروائی، لاشوں کی شناخت اور انہیں وطن واپس بھیجنے کے عمل میں تعاون کیلئے ویتنام کے حکام کا شکریہ ادا کیا۔
یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب 32 بھارتی سیاحوں اور 4 مقامی عملے کے ارکان کو لے جانے والی ایک تیز رفتار کشتی، جمعہ کے روز Phu Quoc جزیرے کے قریب الٹ گئی، جس کے نتیجے میں 15 بھارتی سیاح ہلاک ہوگئے۔
اِس حادثے میں بچ جانے والے 16 افراد بھارت واپس آچکے ہیں، جبکہ ایک زخمی سیاح اب بھی ویتنام کے ایک اسپتال میں زیر علاج ہے۔×

WB-Boat Capsize

مغربی بنگال کے ساحل سے دور، رواں ماہ کے اوائل میں لاپتہ ہونے والی مچھلی پکڑنے والی ایک کشتی کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ وہ خلیج بنگال میں اُلٹ گئی تھی، جس میں 9 ماہی گیروں کی موت کی تصدیق ہوچکی ہے، جبکہ 6 دیگر اب بھی لاپتہ ہیں۔
یہ کشتی دو جولائی کو 15 ماہی گیروں کے ساتھ شنکرپور بندرگاہ سے روانہ ہوئی تھی۔ اس کشتی سے آخری بار رابطہ 5 جولائی کو ہوا تھا، جس کے بعد اس کا کچھ پتہ نہیں چل رہا تھا۔ اتوار کے روز کوسٹ گارڈ، بھارتی بحریہ اور ریاستی ایجنسیوں کی مشترکہ تلاشی مہم کے دوران خلیج بنگال میں اس اُلٹی ہوئی کشتی کا پتہ چلا۔ کشتی کے کیبن سے 9 بوسیدہ لاشیں برآمد کی گئیں، جبکہ 6 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔
اِن لاشوں کو جنوبی 24 پرگنہ ضلع کے سیتارام پور لایا گیا ہے اور شناخت کیلئے Katapukur مردہ خانے میں رکھا گیا

ہے۔ لاشوں کی شناخت کے مقصد سے DNA ملاپ کیلئے  اہل خانہ کے خون کے نمونے بھی لئے گئے ہیں۔
صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے اس حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی تمنا کی ہے۔ وزیراعظم نے، وزیراعظم کے قومی ریلیف فنڈ سے ہلاک ہونے والے ہر شخص کے لواحقین کیلئے دو لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے 50 ہزار روپے کی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔

**V-C Sandipon**

*مچھلی پکڑنے والی یہ کشتی FB Maa Kali مشرقی مدنی پور کے دیگھا شنکرپور ماہی گیری بندرگاہ سے دو جولائی کو 15 ماہی گیروں کو لے کر روانہ ہوئی تھی۔ 5 جولائی کو اس کشتی سے روابط منقطع ہوگیا تھا۔ بھارتی کوسٹ گارڈ، بحریہ اور ریاستی ایجنسیوں کی جانب سے کئی دنوں تک مشترکہ تلاشی مہم چلائی گئی۔ بالآخر سنیچر کی دوپہر کو جنوبی 24 پرگنہ کے Kakdwip ساحل کے قریب اس کا پتہ لگا لیا گیا۔*

*امدادی ٹیموں نے کشتی کے کیبن سے 9 فرسودہ لاشیں برآمد کرلی ہیں، جبکہ چھ ماہی گیر اب بھی لاپتہ بتائے جارہے ہیں۔ آس پاس کے پانی میں تلاشی کی کارروائی تاحال جاری ہے۔ مغربی بنگال کے ماہی گیری کے وزیر راجیش مہتو نے سوگوار خاندانوں کو یقین دلایا ہے کہ ریاستی حکومت انہیں ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔*

*DNA کی تصدیق اور قانونی ضابطے مکمل ہونے کے بعد لاشیں ان کے متعلقہ لواحقین کے حوالے کردی جائیں گی۔*

*کولکاتا سے سندیپن داس گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

Bharat Tex 2026

بھارت کی سب سے بڑی عالمی ٹیکسٹائل نمائش ''بھارت ٹیکس 2026'' آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں شروع ہورہی ہے۔ اِس تقریب کا افتتاح ٹیکسٹائل کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ کریں گے۔ وزیراعظم نریندر مودی کے پانچ F وژن Farm to Fibre to Factory to Fashion to Foreign سے متاثر بھارت ٹیکس 2026 کا مقصد اِسے کاروبار، سرمایہ کاری، خام مال کی فراہمی، اختراعات، پالیسی سازی کی بات چیت اور ٹیکسٹائل ویلیو چین میں اسٹریٹجک شراکت داری کیلئے ایک عالمی معیار کا پلیٹ فارم بنانا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

**VC - Priya Mondal**

*یہ 4 روزہ پروگرام ٹیکسٹائل، فیشن، پائیداری، ٹیکنالوجی، اختراعات، سرمایہ کاری اور بین الاقوامی تجارت میں عالمی سطح پر بھارت کی بڑھتی ہوئی قیادت کو اجاگر کرے گا۔*

*اِس نمائش میں صنعت کار، برآمد کنندگان، عالمی خریدار، سرمایہ کار، پالیسی ساز، بین الاقوامی وفود، دستکار، اسٹارٹ اپس اور ٹیکنالوجی فراہم کرنے والے ادارے ایک جگہ اکٹھا ہوں گے۔*

اِس تقریب میں ہزاروں نمائش کنندگان، 7 ہزار سے زیادہ خریدار اور مندوبین اور 20 سے زیادہ ملکوں کے نمائندے شرکت کریں گے، جن میں امریکہ، برطانیہ، جاپان، پرتگال، اسپین، نیوزی لینڈ اور جنوبی کوریا سمیت کئی ممالک شامل ہیں۔

حکومت کے تعاون کو نمایاں کرتے ہوئے، اِس سال 8 ریاستیں اِس تقریب کی شراکت دار ہیں، جبکہ 9 ریاستیں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے، نمائش کنندگان کے طور پر حصہ لے رہے ہیں۔

بھارت ٹیکس 2026 کا مقصد بین الاقوامی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانا، تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنا اور عالمی ٹیکسٹائل ویلیو چین میں بھارت کی حیثیت کو ایک قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر مزید مستحکم کرنا ہے۔

نئی دلّی سے پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

<u>BREAK</u>

<u>یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

GONG

<u>US Iran - Horumuz Strait</u>

امریکہ نے مسلسل تیسری رات ایران پر حملے کیے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔

امریکی سینٹرل کمان CENTCOM کے مطابق یہ حملے جاری رہیں گے، تاکہ ایرانی افواج کو بھاری نقصان پہنچایا جاسکے اور آبنائے ہرمز میں بے گناہ شہریوں اور تجارتی جہازوں پر حملے کرنے کی اُن کی صلاحیت کو ختم کیا جاسکے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی کہ وہ Pickaxe پہاڑیوں میں واقع، Natanz کے قریب زیرِ زمین نیوکلیائی ٹھکانے کو تباہ کردیں گے، جہاں مغربی انٹیلی جنس کے مطابق ایران غیر اعلانیہ طور پر یورینیم افزودگی کا مرکز قائم کررہا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ............

**VC - News Desk**

امریکی صدر نے یہ بھی اعلان کیا کہ امریکہ آبنائے ہرمز میں ایرانی بحری جہازوں کی ناکہ بندی دوبارہ نافذ کرے گا اور اِس اہم آبی گزرگاہ سے گزرنے والے جہازوں پر 20 فیصد چارج عائد کرے گا، تاکہ سمندری سکیورٹی کے اخراجات پورے کیے جاسکیں۔ صدر ٹرمپ نے **Truth Social** پر ایک پوسٹ میں کہا کہ یہ ناکہ بندی صرف ایرانی جہازوں اور اُن جہازوں پر لاگو ہوگی جو ایران کے ساتھ تجارت کرتے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ آبنائے ہرمز کھلی ہے اور کھلی رہے گی، چاہے ایران اس سے متفق ہو یا نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک کے تجارتی جہازوں کو آزادانہ آمدورفت کی اجازت برقرار رہے گی۔

مریکی فوج نے بھی اعلان کیا کہ وہ آج رات سے ایرانی بندرگاہوں کی دوبارہ ناکہ بندی شروع کرے

گی۔

دوسری جانب، ایران نے امریکہ کے اقدام کو مسترد کر دیا اور کہا کہ آبنائے ہرمز پر اُس کا مکمل اختیار برقرار ہے۔ ایران نے واضح کیا کہ کسی بھی صورت میں امریکہ کو آبنائے ہرمز کے بندوبست میں مداخلت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

نیوز ڈیسک سے خبرنامے کیلیئے میں ..................

UAE-Tanker-India Crew

متحدہ عرب امارات کے دو ٹینکروں پر آبنائے ہرمز سے گزرنے کے دوران ایرانی کروز میزائلوں کے حملے کے بعد بھارتی عملے کا ایک رکن ہلاک اور 6 دیگر زخمی ہوگئے۔ UAE کی وزارتِ دفاع نے آج سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ اطلاع دی ہے۔ وزارت نے کہا کہ اِن ٹینکروں Mombasa اور Al Bahiyah کو عُمان کی آبی حدود میں آبنائے ہرمز کی جنوبی گزرگاہ میں نشانہ بنایا گیا۔ ہلاک ہونے والا عملے کا رُکن Mombasa ٹینکر میں سوار تھا۔ زخمی ہونے والے 8 افراد میں سے 4 شدید طور پر زخمی ہیں۔ زخمیوں میں 6 بھارتی شہری، جبکہ یوکرین کے دو شہری ہیں۔

متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع نے اس حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی اور علاقائی سلامتی واستحکام کیلیئے سنگین خطرہ ہے۔

وزارت نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ وہ کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلیئے پوری طرح تیار ہے، اور کہا کہ ملک کی سلامتی اور استحکام کو تباہ کرنے کی کسی بھی کوشش کا فیصلہ کُن جواب دینے کیلیئے تمام ضروری اقدامات کررہی ہے۔

اس گزرگاہ میں تازہ واقعات مغربی ایشیائی خطے میں ہفتوں سے جاری شدید کشیدگی کے بعد پیش آئے ہیں۔×

Houthi - S. Arabia Conflict

یمن میں ایران کی حمایت یافتہ حوثی باغیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے کُل سعودی عرب کے Abha بین الاقوامی ہوائی اڈے پر میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ کیا۔

حوثیوں کے مطابق، یہ حملہ یمن کے صنعاء بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ہونے والے فضائی حملوں کے جواب میں کیا گیا، جن کے بارے میں اُن کا دعویٰ ہے کہ وہ حملے سعودی عرب نے کیے تھے۔

اِس حملے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے، تاہم یہ کارروائی کشیدگی میں ایک نمایاں اضافہ سمجھی جا رہی ہے، کیونکہ کئی برس قبل سعودی قیادت والے اتحاد کی جانب سے حوثیوں کے زیرِ کنٹرول علاقوں پر حملوں کے بعد اس نوعیت کی صورتحال دوبارہ سامنے آئی ہے۔

سعودی حکام نے یمن میں مبینہ فضائی حملوں کے بارے میں فوری طور پر کوئی ردِعمل ظاہر نہیں کیا ہے۔

حوثی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل یحییٰ سریع نے فضائی کمپنیوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ سعودی فضائی حدود سے پرواز کرنے سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ صنعاء بین الاقوامی ہوائی اڈے پر عائد ناکہ بندی ختم ہونے تک، اِس انتباہ کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج بہار اور اُڈیشہ میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق، آج اروناچل پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، مغربی بنگال، سکم، آسام اور میگھالیہ کے مختلف علاقوں میں شدید بارش کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق، انڈمان و نکوبار جزائر، آندھرا پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، بہار، مغربی بنگال کے گنگا کے میدانی علاقے، جھارکھنڈ، سکم، کرناٹک اور اُڈیشہ میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق، اُڈیشہ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں گرمی اور حبس والا موسم برقرار رہنے کا امکان ہے، جبکہ ساحلی آندھرا پردیش میں لو چلنے کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق، دلّی میں آج جزوی طور پر آسمان ابر آلود رہے گا اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ قومی راجدھانی میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 36 سے 38 ڈگری سیلسیس اور کم سے کم درجۂ حرارت تقریباً 28 ڈگری سیلسیس رہنے کی توقع ہے۔×

Odisha - Naba Jaubana

اُڈیشہ میں آج پوری کے شری جگن ناتھ مندر میں بھگوان جگن ناتھ، بھگوان بلبھدر اور دیوی سوبھدرا کے پوتر ''نب جَوبَن درشن'' کا اہتمام کیا جائے گا۔

یہ تقریب Anasara کے تقریباً 15 روز کی مدت کے بعد تینوں دیوتاؤں کے عوام کے سامنے پہلے درشن کی علامت ہے۔

روایت کے مطابق، اسنان پورنیما کے پوتر اشنان کے بعد دیوتاؤں کو علامتی طور پر بیمار تصور کیا جاتا ہے اور وہ Anasara کے دوران عوام کو درشن نہیں دیتے۔ اس مدت کے اختتام پر انہیں صحت یاب اور نوجوان و تروتازہ روپ میں عقیدت مندوں کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر ملک بھر سے لاکھوں عقیدت مندوں کی آمد متوقع ہے۔×

Women Cricket Result

خواتین کرکٹ میں، کل لارڈز کے میدان میں پہلی مرتبہ کھیلے جانے والے خواتین کرکٹ ٹسٹ میچ میں ہرمن پریت کور کی قیادت میں بھارتی ٹیم نے میزبان انگلینڈ کو 270 رن سے ہراکر تاریخی کامیابی حاصل کی۔ جیت کیلئے 457 رنز کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے، انگلینڈ کی پوری ٹیم چوتھے دن Lunch سے پہلے اپنی دوسری اننگز میں 186 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ بھارت نے چائے کے وقفے پر اپنی دوسری اننگز سات وکٹ پر 341 رنز بناکر ڈکلیئر کردی تھی اور انگلینڈ کو جیت کیلئے 457 رن کا نشانہ دیا تھا۔ وکٹ کیپر بلے باز Yastika بھاٹیا، لارڈز کے میدان میں ٹسٹ سنچری بنانے والی پہلی خاتون کھلاڑی بن گئیں۔

کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویہ نے بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کو لارڈس کے میدان میں کھیلے جانے والے پہلے

خواتین ٹسٹ میچ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔
بھارت خواتین کرکٹ ٹیم کیلئے مبارکباد کے پیغامات مسلسل موصول ہورہے ہیں۔ بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ کے علاوہ، مرکزی وزراء پیوش گوئل، کرن رجیجو اور جیوترادتیہ سندھیا نے بھی خواتین ٹیم کو اِس جیت پر مبارکباد دی ہے۔×

Cricket - IND-ENG

مردوں کی بھارتی کرکٹ ٹیم آج تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں میزبان انگلینڈ کا سامنا کرے گی۔ یہ میچ برمنگھم کے **Edgbaston** میدان میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق، سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔
سینئر کھلاڑی وراٹ کوہلی اور روہت شرما بھارتی ٹیم کو مضبوطی فراہم کرنے کیلئے واپسی کررہے ہیں، جبکہ تیز گیندباز جسپریت بمراہ بھی ٹیم میں دوبارہ شامل ہورہے ہیں۔
بھارت، آئرلینڈ اور انگلینڈ کے خلاف ٹی-**20** بین الاقوامی سیریز میں شکست کے بعد اِس ایک روزہ سیریز میں شاندار واپسی کی کوشش کرے گا۔
شبھمن گل کی قیادت میں بھارتی ٹیم دوسرا ایک روزہ میچ جمعرات کو **Cardiff** میں کھیلے گی، جبکہ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ **19** تاریخ کو لندن کے تاریخی میدان لارڈس میں کھیلا جائے گا۔×

Hockey Womens U21

بھارت کی اکیس سال تک کی عمر کی جونیئر خواتین ہاکی ٹیم نے اپنے برطانیہ دورے کے آخری میچ میں آج انگلینڈ میں **Lilleshall National Sports Centre** میں بیلزیم سے مقابلہ کرے گی۔
انگلینڈ کے خلاف صفر-دو کی شاندار جیت کے ساتھ واپسی کے بعد بھارتی ٹیم اس دورے کے اختتام جیت کے ساتھ کرنے کی کوشش کرے گی۔ اس سے قبل بھارت نے امریکہ کو ایک-ایک سے برابری پر روکا تھا، جس کے بعد شوٹ آؤٹ میں ٹیم کو دو-تین سے معمولی شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔×

NEET OMR SHEET

امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی **NTA** نے امیدواروں کیلئے نیٹ یو جی **2026** کے دوبارہ امتحان کی او ایم آر شیٹس اور ریکارڈ شدہ جوابات آفیشیل ویب سائٹ **neet.nta.nic.in** پر جاری کر دیے ہیں۔
ایجنسی نے کہا ہے کہ امیدوار درخواست نمبر کا استعمال کرتے ہوئے لاگ کر سکتے ہیں اور اپنے نشان زد کیے گئے جوابات کا موازنہ اسکینر کے ذریعے پڑھے گئے جوابات سے کر سکتے ہیں۔
**NTA** نے کہا ہے کہ اگر کوئی جواب مطابقت نہیں رکھتا تو امیدوار سوال کا انتخاب کرکے اپنے آپشن پر نشان لگا سکتے ہیں اور دو سو روپے فیس ادا کرکے اپنا دعویٰ پیش کر سکتے ہیں۔ یہ فیس صرف دعویٰ درست پائے جانے کی صورت میں ہی واپس کی جائے گی۔

OMR چیلنج کی یہ سہولت رواں ماہ 15 تاریخ تک دستیاب رہے گی۔
امیدوار این ٹی اے کے ہیلپ لائن نمبروں 011-40759000 ، 011-69227700 پر رابطہ کر سکتے ہیں اور neetug2026@nta.ac.in پر Email کر سکتے ہیں۔×

Waves Creates In INDIA

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے ورلڈ آڈیو ویژوئل اینڈ Entertainmentسمیت 2027 کی Create اِن انڈیا چیلنج کے دوسرے سیزن کے تحت صنعت کے زیر قیادت آراء طلب کی ہیں۔
Create اِن انڈیا چیلنج Waves کے تحت ایک اہم پہل ہے، جس کا مقصد میڈیا اور Entertainment کے شعبے میں تخلیق کاروں کی شناخت کرنا، پرورش کرنا، ان کی مہارت کو نکھارنا اور پیش کرنا ہے۔
نیز، اس کا مقصد (مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل میڈیا، ٹیکنالوجی پر مبنی دیگر تخلیقی شعبوں سمیت) میڈیا اور Entertainment کے شعبوں میں اشتراک کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ اس چیلنج کا اختتام Waves 2027 کے دوران Creatosphere میں جیتنے والوں اور ان کے کامیاب نتائج کی نمائش کے ساتھ ہو گا۔×

Ukraine Europe Coalition

یوکرین اور 9 دیگر ممالک نے یوروپ کو بیلسٹک میزائلوں سے محفوظ بنانے کیلئے ایک اتحاد تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔
یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی اور ڈنمارک، فرانس، جرمنی، اِٹلی، نیدر لینڈس، اسپین، سویڈن اور برطانیہ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ انہوں نے بیلسٹک میزائلوں سے پیدا ہونے والے خطرے کو تسلیم کیا ہے، جنہیں کروز میزائل یا ڈرون کے مقابلے میں روکنا زیادہ مشکل ہے۔
اِن 10 ممالک نے پیرس میں ایک بیان میں بتایا کہ ان کا مقصد یوروپ کیلئے بیلسٹک میزائل سے دفاع کی مشترکہ صلاحیت تیار کرنا ہے، جس میں چار سال سے زائد عرصے سے جاری روس کے بڑے پیمانے پر حملوں کے خلاف یوکرین کے جنگی تجربے سے استفادہ کیا جائے گا۔ اس بیان میں دفاعی نظام کے قیام کیلئے کسی مقررہ وقت کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔×

Delhi Courth Tahir Hussain

دلّی کی ایک عدالت نے عام آدمی پارٹی کے سابق کونسلر طاہر حسین اور چار دیگر افراد کو 2020 کے شمال مشرقی دلّی فسادات کے دوران، انٹیلی جنس بیورو IB کے افسر اَنکِت شرما کے قتل کے معاملے میں مجرم قرار دیا ہے۔
ایڈیشنل سیشن جج پروین سنگھ، طاہر حسین سمیت کُل 11 ملزموں کے خلاف معاملے کی سماعت کررہے تھے۔ عدالت نے اِن میں سے 5 افراد کو مجرم قرار دیا ہے۔
عدالت نے طاہر حسین کو فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے، فسادات، حملے، غیر قانونی طاقت کے استعمال اور قتل کے الزامات میں قصوروار گردانا۔ یہ مقدمہ دیال پور پولیس اسٹیشن میں اَنکِت شرما کے والد رویندر کمار کی شکایت پر درج FIR سے متعلق ہے۔ اِس معاملے میں نام سامنے آنے کے بعد، عام آدمی پارٹی نے طاہر حسین کو معطل کردیا تھا۔×

Jaishankar - Guterress

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل نیو یارک میں اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گتریس سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے مغربی ایشیا، یوکرین اور سوڈان سمیت عالمی حالات و واقعات پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے بھارت-اقوام متحدہ تعاون کی طاقت کو بھی تسلیم کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر 2028-29 کی مدت کیلئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی غیر مستقل رکنیت کیلئے بھارت کی مہم کی قیادت کرنے کیلئے نیو یارک میں ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد
شکریہ - کونین

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے، بھارت اور جاپان نے آزاد، کھلے اور قوانین پر مبنی بھارت-بحرالکاہل خطے کیلئے اپنی عہد بستگی کا اعادہ کیا۔ اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے: گگن یان کرو ماڈیول سسٹم کے تین اہم تجربات کامیابی کے ساتھ مکمل۔ 'وَن نیشن، وَن الیکشن' پر سرگرمی تیز، پارلیمانی کمیٹی لکھنؤ پہنچی، دورے کا مقصد سیاسی جماعتوں، سرکاری افسران اور دیگر فریقوں سے تجاویز حاصل کرنا ہے۔ یہ خبر بھی اخبارات میں نمایاں ہے۔ اخبار پرتاپ لکھتا ہے کہ وزیراعظم مودی نے فزکس اولمپیاڈ جیتنے والے بھارتی طلباء کو مبارک باد دی۔

اخبارات نے دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ خواتین کی خود مختاری وکست بھارت کا سنگ بنیاد بن چکی ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ٹرمپ نے ایرانی بندرگاہوں پر پھر ناکہ بندی نافذ کرنے کا اعلان کیا۔

☆ آبنائے ہرمز پر کنٹرول کی جنگ میں ایران اور عُمان آمنے سامنے۔

☆ اسرائیل میں عام انتخابات کیلئے ووٹنگ 27 اکتوبر کو۔

☆ بینکاک کے بار میں خوفناک آتش زدگی، 27 افرادہلاک۔

☆ یوکرین کے صدر زیلنسکی نے اچانک پوری حکومت برطرف کردی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ بھارت نے **2028-29** کی مدت کیلئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل **UNSC** کے غیر مستقل رکن کے انتخاب کیلئے اپنی مہم کا باضابطہ طور پر آغاز کردیا ہے۔

☆ ویتنام میں کشتی حادثے میں ہلاک ہونے والے **15** بھارتی سیاحوں کا جسد خاکی ممبئی پہنچ گیا ہے۔

☆ مغربی بنگال کے ساحل کے قریب ایک ماہی گیر کشتی کے ڈوبنے کے بعد **9** ماہی گیروں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔

☆ امریکہ نے مسلسل تیسری رات ایران پر حملے کیے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز میں ایرانی بحری جہازوں کی ناکہ بندی دوبارہ نافذ کرنے کا اعلان کیا۔

☆ موسمیات محکمے نے آج بہار اور اُڈیشہ میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، لارڈس کے میدان میں پہلی مرتبہ کھیلے جانے والے خواتین ٹیسٹ میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو **270** رن سے ہراکر تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---